SECURITIES AND EXCHANGE
COMMISSION OF PAKISTAN

SECP

**PRESS RELEASE**
For immediate release
August 11, 2026

# SECP Showcases IPO Success Stories, Targets 2.5 Million Investors




**ISLAMABAD, August 11:** Three recently listed companies shared their IPO experiences, capital raising strategies and post listing growth plans at the fourth session of the Securities and Exchange Commission of Pakistan's SECP Talk Series, highlighting the growing role of the capital market in financing business expansion.

The three companies presented strong investor response to their public offerings. Service Long March Tyres attracted PKR 85 billion in bids and was 16.7 times oversubscribed, while Select Technologies raised PKR 3.02 billion with its offering 3.23 times oversubscribed. The companies shared how IPO proceeds are being deployed for capacity expansion, new projects and working capital. The session featured Mr. Omar Saeed, CEO of Service Long March Tyres Limited, Mr. Zaheer Baig, CEO of Sitara Petroleum Service Limited, and Mr. Adnan Aftab, CEO of Select Technologies Limited.

Welcoming the participants, SECP Commissioner Muzaffar Ahmed Mirza said Pakistan, with a population of around 255 million and nearly two thirds below the age of 30, offers significant investment potential. However, the capital market remains underpenetrated with around 500,000 to 600,000 investors, representing less than one percent of the population. He said SECP is targeting 2.5 million investors through easier market access and expanded financial literacy.

Mr. Omar Saeed said Service Long March Tyres is Pakistan's first and largest manufacturer and exporter of TBR tyres. Its IPO attracted more than 35,000 investors, while IPO proceeds are contributing 24.6 percent of the funding for its PKR 22.56 billion passenger car radial tyre project, with planned annual capacity of 2 million tyres.

Mr. Zaheer Baig outlined Sitara Petroleum's post listing growth plans, including the Gatti Oil Depot, Capital Smart Motors, EV charging infrastructure and a tyre manufacturing opportunity. He highlighted access to growth capital, improved valuation, credibility and institutional visibility as key benefits of listing.

Mr. Adnan Aftab said Select Technologies raised PKR 3.02 billion for capacity expansion and working capital. Its IPO was 3.23 times oversubscribed and its shares opened at a 21.4 percent premium on the Pakistan Stock Exchange.

During the interactive session, Chairman SECP Dr. Kabir Ahmed Sidhu said SECP is simplifying digital onboarding and developing a compact mobile first application for youth and first time investors. He also highlighted the revamp of IFMP as a national financial literacy platform and SECP's work on a separate legal framework to promote private equity and broaden financing options for businesses.

**SECURITIES AND EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN**

SECP

**PRESS RELEASE**
For immediate release
August 11, 2026

# پاکستان کی کیپٹل مارکیٹ میں سرمایہ کاروں کی بڑی گنجائش، ایس ای سی پی کا 25لاکھ سرمایہ کاروں کا ہدف




اسلام آباد، 11 اگست: پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں حال ہی میں لسٹ ہونے والی تین کمپنیوں نے سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے زیر اہتمام چوتھی ایس ای سی پی ٹاک سیریز میں اپنے کامیاب آئی پی اوز، سرمایہ اکٹھا کرنے اور کاروباری توسیع کے تجربات شیئر کیے۔ مقررین نے کاروباری ترقی اور توسیعی منصوبوں کے لیے کیپٹل مارکیٹ کے بڑھتے ہوئے کردار کو اجاگر کیا۔ تینوں کمپنیوں کے آئی پی اوز کو سرمایہ کاروں کی جانب سے بھرپور پذیرائی ملی۔ سروس لانگ مارچ ٹائرز کے آئی پی او میں 85 ارب روپے کی بولیاں موصول ہوئیں اور یہ 16.7 گنا اوور سبسکرائب ہوا، جبکہ سلیکٹ ٹیکنالوجیز نے 3.02 ارب روپے کا سرمایہ اکٹھا کیا اور اس کا آئی پی او 3.23 گنا اوور سبسکرائب ہوا۔ کمپنیوں کے نمائندوں نے بتایا کہ آئی پی او سے حاصل ہونے والا سرمایہ پیداواری صلاحیت میں اضافے، نئے منصوبوں اور ورکنگ کیپیٹل کے لیے استعمال کیا جا رہا ہے۔

سیشن میں سروس لانگ مارچ ٹائرز لمیٹڈ کے چیف ایگزیکٹو آفیسر عمر سعید، ستارہ پیٹرولیم سروس لمیٹڈ کے چیف ایگزیکٹو آفیسر ظہیر بیگ اور سلیکٹ ٹیکنالوجیز لمیٹڈ کے چیف ایگزیکٹو آفیسر عدنان آفتاب نے اپنے تجربات پیش کیے۔ شرکاء کا خیر مقدم کرتے ہوئے ایس ای سی پی کے کمشنر مظفر احمد مرزا نے کہا کہ تقریباً 25 کروڑ 50 لاکھ آبادی اور اس میں 30 سال سے کم عمر افراد کی تقریباً دو تہائی تعداد کے باعث پاکستان میں سرمایہ کاری کے وسیع امکانات موجود ہیں۔ تاہم، کیپٹل مارکیٹ میں سرمایہ کاروں کی تعداد اب بھی تقریباً پانچ سے چھ لاکھ ہے، جو مجموعی آبادی کے ایک فیصد سے بھی کم ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایس ای سی پی آسان سرمایہ کاری اور مالیاتی آگاہی کے فروغ کے ذریعے سرمایہ کاروں کی تعداد کم از کم 25 لاکھ تک بڑھانے کا ہدف رکھتا ہے۔

عمر سعید نے بتایا کہ سروس لانگ مارچ ٹائرز پاکستان میں ٹی بی آر ٹائرز بنانے اور برآمد کرنے والی پہلی اور سب سے بڑی کمپنی ہے۔ کمپنی کے آئی پی او میں 35 ہزار سے زائد سرمایہ کاروں نے حصہ لیا۔ آئی پی او سے حاصل ہونے والا سرمایہ کمپنی کے 22.56 ارب روپے کے مسافر گاڑیوں کے ریڈیل ٹائر منصوبے کی 24.6 فیصد فنانسنگ فراہم کر رہا ہے، جس کی سالانہ پیداواری صلاحیت 20 لاکھ ٹائرز ہوگی۔

ISLAMIC FINANCE DEPARTMENT

ظہیر بیگ نے ستارہ پیٹرولیم کے پوسٹ لسٹنگ توسیعی منصوبوں، جن میں گٹی آئل ڈپو، کیپیٹل اسمارٹ موٹرز، ای وی چارجنگ انفراسٹرکچر اور ٹائر مینوفیکچرنگ شامل ہیں، پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے کہا کہ اسٹاک ایکسچینج میں لسٹنگ سے کمپنیوں کو سرمایہ، بہتر ویلیوایشن، ساکھ اور کاروباری توسیع کے مواقع حاصل ہوتے ہیں۔

عدنان آفتاب نے بتایا کہ سلیکٹ ٹیکنالوجیز نے پیداواری صلاحیت میں اضافے اور ورکنگ کیپیٹل کے لیے 3.02 ارب روپے اکٹھے کیے۔ کمپنی کا آئی پی او 3.23 گنا اوور سبسکرائب ہوا جبکہ پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں اس کے حصص 21.4 فیصد پریمیم پر اوپن ہوئے۔

سوال و جواب کے سیشن میں چیئرمین ایس ای سی پی ڈاکٹر کبیر احمد سدھو نے کہا کہ نوجوانوں اور نئے سرمایہ کاروں کے لیے ڈیجیٹل آن بورڈنگ کو مزید آسان بنایا جا رہا ہے اور ایک سادہ موبائل ایپ تیار کی جا رہی ہے۔ انہوں نے آئی ایف ایم پی کو قومی مالیاتی آگاہی پلیٹ فارم کے طور پر فعال کرنے اور کاروباری اداروں کے لیے فنانسنگ کے مزید مواقع پیدا کرنے کے لیے پرائیویٹ ایکویٹی کے علیحدہ قانونی فریم ورک پر جاری کام سے بھی آگاہ کیا۔